// نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے تحت پوٹھوہار زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ضلع اٹک میں منی ڈیمز کی سبسڈی پر تعمیر کیلئے قرعہ اندازی کی تقریب کا انعقاد

65 خوش نصیب کاشتکاروں کے نام شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے فائنل۔

لاہور:25اگست **2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پوٹھوہار زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت ضلع اٹک میں منی ڈیمز کی تعمیر کیلئے 70 فیصد سبسڈی کی فراہمی کیلئے قرعہ اندازی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ضلع اٹک میں منی ڈیمز کی الاٹمنٹ کیلئے کل 289 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 65 خوش نصیب کاشتکاروں کے نام شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے فائنل کئے گئے۔ان میں تحصیل اٹک کے 13، فتح جنگ کے 16، تحصیل پنڈی گھیب کے 10، تحصیل جنڈ کے 23 اور تحصیل حسن ابدال کے 3 کاشتکار شامل ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اس منصوبہ کے تحت 3 سالوں میں راولپنڈی ڈویژن اور ضلع خوشاب کیلئے 600 منی ڈیمز 70 فیصد حکومتی سبسڈی پر تعمیر کیے جائیں گے۔فی منی ڈیم امدادی قیمت 17 لاکھ 50 ہزار روپے ہے۔خطہ پوٹھوہار زرعی ٹرانسفارمیشن پلان کے پہلے سال میں 111 منی ڈیمز مکمل ہو چکے ہیں جن میں سے 49 منی ڈیمز ضلع اٹک میں تعمیر کیے گئے ہیں۔تقریب کے مہمان خصوصی اور قرعہ اندازی کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر پرویز سکندر نے قرعہ اندازی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زراعت کی ترقی و کاشتکاروں کی خوشحالی وزیراعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب زراعت کی ترقی و کاشتکاروں کی خوشحالی کے لئے تاریخ ساز اقدامات اٹھا رہی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منی ڈیمز بارشی وسیلابی پانی کو ذخیرہ کرنے کا اہم ذریعہ ہیں۔منی ڈیمز کی تعمیر بارانی علاقہ جات کے لئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ ان علاقہ جات میں فصلوں کی آبپاشی کے لئے پانی کی فراہمی ایک بڑا مسئلہ ہے اور زراعت کا انحصار مکمل طور پر بارشی پانی پر ہوتا ہے۔منی ڈیمز 20 سے 40 ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش رکھتے ہیں جس کے ساتھ 20 سے 40 ایکڑ زرعی رقبہ سیراب کیا جاسکتا ہے۔ان منی ڈیمز کی مدد سے بنجر زمینوں کو آباد کر کے قابل کاشت بنایا جاسکے گا جس سے خطہ پوٹھوار میں ہائی ویلیو کراپس کو فروغ حاصل ہوگا اور کاشتکار خوشحال ہوں گے۔اس موقع پر ریجنل منیجر پراجیکٹ مانیٹرنگ یونٹ محمد عرفان مان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرعہ اندازی کا عمل انتہائی شفاف طریقے سے مکمل کیا گیا ہے۔کاشتکاروں کو چاہیے کہ وہ اس پروگرام سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر سائل کنزرویشن راولپنڈی عتیق الرحمٰن، ڈائریکٹر سوائل کنزرویشن ڈاکٹر محمد عابد، ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات راولپنڈی ہارون احمد خان کے علاوہ محکمہ زراعت کے دیگر افسران اور زمینداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆